# 66608 ـ رمضان المبارك ميں ليڈی ڈاكٹر كے پاس جانے كا حكم

**سوال**

رمضان المبارك ميں ليڈی ڈاكٹر كے پاس جانے كا حكم كيا ہے ؟

**پسنديده جواب**

الحمد لله.

ميڈيكل چيك اپ كے ليے ليڈی ڈاكٹر كے پاس جانا ممنوع نہيں، ليكن چيك اپ كے وقت ستر چھپانے كے شرعی قواعد و ضوابط پر عمل كرنا ہوگا يہ قواعد و ضوابط سوال نمبر ( 5693 ) كے جواب ميں بيان ہو چكے ہيں.

رہا مسئلہ يہ كہ رحم كے اندرونی حصہ كا ہاتھ يا دوربين كے ساتھ چيك اپ كرنے سے روزہ نہيں ٹوٹتا، سوال نمبر ( 38023 ) كے جواب ميں روزہ توڑنے اور جن اشياء سے روزہ نہيں ٹوٹتا كا بيان ہو چكا ہے، اس ميں بيان ہوا ہے كہ:

جن اشياء سے روزہ نہيں ٹوٹتا:

رحم ميں داخل كی جانے والی اشياء دوربين , جھلی وغيرہ، يا ميڈيكل چيك اپ كے ليے كوئی چيز اندر داخل كرنا.

رحم ميں دوربين يا باريك نالی داخل كرنا.

مرد يا عورت كے عضو تناسل ميں باريك نالی يا دوربين يا شعاعوں كے ذريعہ مادہ داخل كرنا، يا كوئی دوائی يا مثانہ ميں محلول وغيرہ داخل كرنا. انتہی.

والله اعلم .